ایگل فلمز کا پیش کردہ

سنگاپور

सिंगापुर

اداکارات
شمی کپور ۔ پدمنی
شکیلہ ۔ آغا

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سنگاپور کے گانے

گانا نمبر ۱

یہ شہر بڑا البیلا ہر طرف حسینوں کا میلہ
پر اور بھی ہیں کچھ آگے تو چلا چل اکیلا
سنگاپور سنگاپور سنگاپور... جواں شہر یہ دل والوں کا
ہمارے جیسے متوالوں کا۔ گلے ملے سب یہاں یہ آکر
ہیں بھید گورے گالوں کا نیوما
یہ شہر بڑا البیلا —
یہ مسکراتی نٹ کھٹ گڑیاں یہ حسن والی میٹھی چھریاں
ذرا دیر کو سب چکرائے۔ کہاں سے آئی اتنی پریاں
نمستے۔ یہ شہر بڑا البیلا —
جدھر سے گزریں ہم مستی میں بہار آئی اُس مستی میں
چلے پیار کے نغمے گاتے ہیں گھر بستی دل کی دلی میں
نیوما۔ یہ شہر بڑا البیلا —
گانا نمبر ۲:۔ آنے لگا جینے کا مزا
جان گئی پہچان گئی یہی محبت ہے کیا
دل میں تو اور آنکھوں میں نشہ۔ جان گئی... آنے لگا..
آنکھوں والے آنکھیں تو ملا
جواں موسم کہے ہر دم تو دل کی کو نیا بسا
سب کچھ اب تو ہے نیا نیا... جان گئی... آنے لگا...
اُس نے جو کچھ کانوں میں کہا
وہ دہراؤں تو شرماؤں یہ راز ہے پیار کا
جب سے کوئی دل میں آگیا... جان گئی... آنے لگا

ترچھی سی کیسی کی وہ نظر لگی جب سے میرے دِل
میں خود سے ہوں بے خبر کل جو ہو گا دیکھا جائے گا
جان گئی پہچان...... آنے لگا......

گانا نمبر۳:۔ دیکھو جی دیکھو سُن لو یہ بات
جیون میں ایک بار آنا سنگاپور
دِل کا خزانہ دوں گی نہیں ۔ جیون میں ـــــ
نینوں کے آئینے میں تصویر ہے تمہاری
مانوں نہ تم تو پاس آکے دیکھ لو
ہوتا ہے پیار کیسا کرتے ہیں پیار کس کو
جانوں نہ تم تو دِل لگا کے دیکھ لو
کہتا ہے تم سے من کا یہ مور ۔ جیون میں ـــــ
دِل میں بٹھاؤں گی میں اپنا بناؤں گی میں
راہوں میں دِل بچھاؤں گی تیرے لئے
باہوں سے باندھ لوں گی اُلفت سے گھیر لوں گی
آئے جو آپ اس طرف میرے لئے
توڑ نہ دنیا آشا کی یہ ڈور ۔ جیون میں ـــــ
اچھا تو وعدہ کر لو آؤ گے کس دِن ملنے
میرے دِلدار شکریہ شکریہ
دِل کا پیار ہے یہ تو جو قبول کر لے
تیرا اعتبار شکریہ بھول نہ جانا او دِل کے چور
جیون میں ایک بار ـــــ

گانا نمبر۴:۔
ہٹ جاؤ دیوانے آئے مستی لیکر مستانے
کیسے خبر چلے کہاں
ہے کوئی جو بڑھ کے روکے پیار کا یہ طوفان ۔ ہٹ جاؤ ۔

بیلنے میں پیار ہو نہ ہوں یہ گیت دل کا ہے۔ جانے لیکر
ہم اِس گلی سے ان راستوں سے نکالے گئے ہیں اکثر
سب جانتے ہیں پہچانتے ہیں ساتھی ہیں ہم پرانے
کہہ سن چکے ہیں دنیا کے لوگ اپنے کئی افسانے ۔ ہٹ جاؤ
جا جاتا ہے ان راستوں پہ کبھو جائیں جلتے چلتے
بچھڑیں کبھی نہ کچھ ایسے ایک ہو جائیں جلتے جلتے
تھک جاؤں میں تو زلفوں کی چھاؤں میں دو گھڑی تو سو لوں
یہ مسکراتا چہرہ ہو پاس جب جب میں آنکھ کھولوں
ہٹ جاؤ ——

یہ رنگ یہ نظارے حسین خوابوں میں بھی نہ آئے
ہم نیند میں ہیں یا جاگتے ہیں کوئی تو سچ بتائے
تم جس گھڑی سے میری زندگی میں لیکر بہار آئے
میری حسرتوں کے میری آرزوں کے پھول مسکرائے
ہٹ جاؤ ——

گانا نمبر ۵ تم لاکھ چھپانا چاہو گے پر پیار چھپا نہ پاؤ گے
کچے دھاگے سے بندھے سرکار چلے آؤ گے
تم لاکھ جتانا چاہو گے پر پیار جتا نہ پاؤ گے
دل کو تھامے ہاتھوں سے خاموش چلے آؤ گے
تمہارے چہرے کی رنگت تو یہ بتاتی ہے
کسی کی یاد تمہیں ہر گھڑی ستاتی ہے
یہ الجھے بال محبت کا راز کہتے ہیں
کمل سے بن خیالوں میں ڈوبے رہتے ہیں
تمہاری چالوں میں شوخی ہے اور شرارت ہے
ضرور تم کو بھی کسی سے الفت ہے
لو راز کھل گیا اب کس لیے چھپاتے ہو

زمانہ جان گیا ہمکو کیوں بناتے ہو ۔ تم لاکھ چھپانا۔
تمہارے ہونٹوں پہ ہر بات کانپ جائے گی
لگی یہ دل کی زباں پر کبھی نہ آئے گی
بتاؤ کیسے بتاؤگے پیار پھر اپنا
نہ ہوگا پورا کبھی آرزو کا یہ سپنا
تمہیں یہ پیار کی حسرت بہت ستائے گی
کبھی رلائے گی تمکو کبھی ہنسائے گی
ہمارے کوچے میں عاشق ہزار آتے ہیں
مگر جو آتے ہیں وہ ہوش بھول جاتے ہیں ۔ تم لاکھ۔
ہمارے ہجر میں تم کو نہ نیند آئے گی
اکیلا پا کے جدائی تمہیں ستائے گی
ہم اپنی آگ سے پتھر کو موم کرتے ہیں
ہم اپنے پیار سے گلشن میں رنگ بھرتے ہیں
ہمارا جذبہ محبت یہ رنگ لائے گا
تمہارے در سے تمہیں بڑھ کے کھینچ لائے گا
گلوں کی قید میں خوشبو تو رک نہیں سکتی
اسی طرح سے محبت کبھی چھپ نہیں سکتی ۔ تم لاکھ۔
گانا نمبر ۵: ہوراسا سا یا نگ رے اسا سا بنگ سا ینگ رے
اسے نیہ دے نہ دے تال اسا سا ینگ رے سا ینگ رے
ہوراسا سا ینگ رے راما ما بنگ رے سا ینگ رے
ئے پیار کا ہی نام ۔ سا ینگ سا ینگ رے
ایک تھی چینی گڑیا اور اک جاپانی ڈول
ہوتے ہوتے دونوں میں پیار ہوا انمول
دھیرے دھیرے آخر رنگین زمانہ آیا
ہونٹوں پہ دونوں کے اک گیت سہانا آیا ۔ پھر کیا ہوا

پیار کی منزل کے وہ دونوں بن کے ساتھی
پھر شادی کی پھر بچے ہوئے اور ایک بہنیں دو بہنیں بارہ
دریا کا کنارا اور وہ اُچھلی بہار
کھڑی تھی اِک لڑکی آنکھوں میں لیے کے پیار
بھولی بھولی اس کی نگاہیں کچھ نہ پوچھو
تیر کھائے ہرنی کی آہیں کچھ نہ پوچھو ۔ پھر کیا ہوا
وعدہ تھا کسی کا کہ آئیں گے ہم ملنے
وہ تڑپا کیے، آیا نہ کوئی، یوں، رات گئی دِن گیا سارا
ملتی ہیں جب آنکھیں تو کھو جاتا ہے دِل
اُلفت کے جہاں کی انوکھی ہے محفل
کر دیتی ہے غافل یہ آنکھوں کی شراب
البیلی ادائیں اور ہونٹوں کے گلاب ۔ اچھا یہ بات ہے
اُلفت کر کے دیکھو تو جانو گے یہ باتیں
یہ دُنیا ہے دِل والوں کی اور سب کا ہے نعرہ ۔ راسا...

گانا نمبر ۹

دھوکا کھائیگی نہ یاروں کی نظر جی ہاں یہ ہے دلداروں کی نظر
لاکھ چھپو تم ڈھونڈ ہی لیں گے ہم تم کو دلبر ۔ یا خدا ۔
دھوکا کھائیگی نہ ... دیوانے...
مستانے ۔ ہم جدھر جائیں، ہلچل مچائیں چھا جائیں محفلوں پر
ہر ارماں ... ہر طوفاں ..
مچائے پیار ریلی ہی یار ۔ جادوگرے دِلوں پر ۔ یا خدا ..
دھوکا کھائے نہ ... تڑپا کے ... ترسا کے ..
تم آج چاہے بن کے بیراگے ٹھکرا دو پیار میرا
اے بھولو ... مت بھولو ..
گِنتی کے چار دن کی بہار

ہر شب کا ہے سویرا ، یا خدا ....
دھوکا کھائیگی نہ ... دِل میرا .. البیلا ..
چاہت پرست ، رہتا ہے مست
جس حال میں جہاں ہے تم اکثر ۔ وعدہ کر ،
جانے ہو بھول یہ کیا اصول
یہ بھی کوئی زبان ہے یا خدا ... دھوکا کھائیگی نہ ...

گانا نمبر۸ :۔ ارے تو کہاں کھو گیا بالم متوارا
میں ڈھونڈو تجھے گلیاں اور چوبارا ہیں تکی آیا نہ تو
دروازے بیٹھ کر ہم نے تو رات بھر پوچھا تجھے تاروں سے بھی
او میرے تمنا گر یاد کیے گزر
پھر بھی ہے دِل میں محبت جواں
کہ جلے نس نس میں انگارہ ۔ میں ڈھونڈو ....
تو کہاں کھو گیا بالم ....
ناچتی پھروں تیرے لئے نئے نئے بھیس میں انجانے دیس میں
پایل میں ہیں نغمے تیرے الفت کا راز ہے میرے سندیش میں
باغوں کی ہری آئی کیوں بہاں کہ بکے کانٹا سا جگ سارا
میں ڈھونڈوں .... تو کہاں کھو گیا ۔
کوئل ہی موری ہی سب کچھ نہیں ہوں پیا تیرے پیار میں
نینوں کے دو دیپک ہے ڈھونڈا کروں میں تجھے باغوں بہار میں
دنیا نہ سمجھے میری داستاں او دے جا زخمی دِل کو سہارا
میں ڈھونڈوں ...
تو کہاں کھو گیا ۔

ختم شد

برادران اسلام کیلئے ایمان کو بڑھانیوالی مذہبی کتابیں

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/-/-	شہادت نامہ کلاں	-/6/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	″ ″ خورد	-/3/-
سیدہ کا لال	2/-/-	مجموعہ مرثیہ و نوحہ جات	1/-/-
آمنہ کا لال	1/-/-	شہیدان کربلا	1/-/-
فاطمہ کا لال	2/-/-	جنگ نامہ کربلا	1/-/-
فاطمہ کا چاند	2/-/-	جنگ نامہ حضرت علی	-/12/-
جنگ نامہ زیتون محمد حنیف	-/8/-	سیدہ کی بیٹی	2/8/-
جنگ نامہ نوران	-/8/-	روایت سیڑھی	-/5/-
جنگ نامہ جبیر	-/6/-	پیام صغرا	-/3/-

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	1/-/-	مولود بہار ولادت	-/8/-
میلاد شریف گوہر	1/-/-	میلاد بہار سعیدی	-/8/-
میلاد شریف طیبہ	-/12/-	زیور ایمان	1/-/-
میلاد شریف عجیبہ	-/12/-	میلاد بہار خلد	-/12/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اردو آزاد پریس دہلی